**17/05/2025**

**12.30 PM(5 min)**

**Signature Tune**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ  اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے**

**لیفٹنٹ گورنر**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے راج بھون سرینگر میں کئی ارکان اسمبلی اور دیگر کئی شخصیات نے کل الگ الگ ملاقات کی ، جس دوران انہوں نے پاکستان کی حالیہ بلا جواز گولہ باری سے متاثرہ کنبوں کی بہبودی سے جڑے کئی معاملات ایل جی کی نوٹس میں لائے ۔ انہوں نے ولیج ڈیفنس گارڈس کو مضبوط کرنے اور دیگر معاملات بھی ایل جی کی دانست میں لائے ۔ ان میں ڈوڈہ ویسٹ کے ممبر اسمبلی شکتی راج پریہار ، چنینی کے ممبر اسمبلی بھلونت سنگھ منکوٹیہ اور جموں کشمیر جنتا دل یونائٹڈ کے صدر جی ایم شاہین شامل ہیں ۔ دریں اثناءبی جے پی کے ترجمان گورو گپتا نے بھی لیفٹنٹ گورنر سے ملاقات کی ۔**

**وزیراعلیٰ**

**وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا کہ عازمین کی بلا خلل روانگی کو یقینی بنانا سرکار کی ترجیحات میں شامل ہے۔ کل ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ پروازوں کے منسوخ ہونے کی وجہ سے درماندہ ایک ہزار8سو 95عازمین حج کو سفر محمود پر روانہ کرنے کیلئے اضافی حج پر وازیں چلانے کا معاملہ مرکزی سرکار کے ساتھ اٹھایا گیا ہے ۔**

**جاوید احمد ڈار**

**دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے وزیر جاوید احمد ڈار نے دیہی ترقیاتی اقدامات پر فوری اور شفاف عمل درآمد کی ضرورت پر زور دیا ہے۔سول سیکرٹریٹ سرینگر میں متعلقہ محکمہ کی ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ معیار کو برقرار رکھتے ہوئے جاری منصوبونکے کام میں سرعت لائیں ۔**

ستیش شرما

سائنس ٹکنالوجی اور ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے کل جموں کے چھمب حلقے کا وسیع دورہ کیا ۔ اس دوران انہوں نے کئی کلیدی انفراسٹرکچر پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور متعدد عوامی افادیت کے منصوبوں کا افتتاح کیا ۔اس موقعہ پر انہوں نے عوام سے بات چیت بھی کی ۔

عالمی دن

آج ہائی بلڈ پریشر سے متعلق عالمی دن ہے ۔ اس سلسلے میں ہر سال 17 مئی کو لوگوں میں ہائی بلڈ پریشر کے بارے میں جانکاری عام کرنے کی غرض سے مختلف پروگرام منعقد کئے جاتے ہیں ۔

آج ہی ٹیلی کمیونکیشن اینڈ انفارمیشن سوسائٹی ڈے بھی ہے ۔

نشہ مکت بھارت

منشیات مخالف اپنی کاروائی جاری رکھتے ہوئےپولیس نے سرینگر اور اونتی پورہ میں سہیل شیخ اور عادل بھٹ نامی دو منشیات سمگلروں کو گرفتار کیا ہے اور ان کے قبضے سے ممنوعہ نشیلی اشیاءبرآمد کی ہے۔

سرینگر

ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھارٹی سرینگر نے ڈسٹرکٹ کورٹ کمپلیکس سرینگر میں ورک پلیس (پوش) ایکٹ میں خواتین کے تحفظ سے متعلق ایک بیداری پروگرام کا اہتمام کیا۔ جس کا مقصد اسٹیک ہولڈرز ، خاص طور پر عملے ا ور قانونی پیشہ ور افراد کو پوش ایکٹ کے بنیادی پہلوو

---

ں کے بارے میں حساس بنانا تھا۔ٔ

ڈپٹی کمشنر کولگام

میں میلہ کھیر بھوانی کے Devsar اور Manzgamڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان نے احسن انعقاد کے لئے متعلقہ افسروں کی ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے انتظامات کا جائزہ لیا .

انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ میلہ کے دوران تمام بنیادی سہولیات اور دیگر ضروریات کی بلا تعطل فراہمی کو یقینی بنائیں۔

بارہمولہ

ڈسٹرکٹ ایمپلائمنٹ اینڈ کونسلنگ سینٹر بارہمولہ نے خواہشمند کاروباری افراد کی مدد اور رہنمائی کے لئے مشن یووا بیداری کم رجسٹریشن مہم کا آغاز کیا۔ اس اقدام کا مقصد جنوری 2025 میں بیس لائن سروے کے دوران شناخت شدہ ممکنہ امیدواروں کو شامل کرناہے۔

آدھار

آدھار کے ذریعے، رقوم کے تصدیق شدہ لین دین کی تعداد 150 ارب سے زیادہ ہو گئی ہے، جو بھارت کی منفرد شناخت کی اتھارٹی کے سفر میں اور وسیع تر آدھار ایکو نظام کے لیے ایک سنگِ میل ہے۔ الیکٹرانکس اور IT کی وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ آدھار پر مبنی لین دین سے روزمرہ کی زندگی میں مزید آسانی پیدا ہو رہی ہے، فلاحی کام مو

---

ثر طور پر کیے جا رہے ہیں اور مختلف خدمات، رضاکارانہ طور پر انجام دی جا رہی ہیں۔ۂ

اقوام متحدہ

اقوام متحدہ کی ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ رواں مالی سال کے دوران بھارتی معیشت کی شرح ترقی، 6 اعشاریہ 3 فیصد رہنے کی توقع ہے، جو چین، امریکہ اور یوروپی یونین سے زیادہ ہے۔عالمی اقتصادی صورتحال اور منظرنامے سے متعلق، اقوام متحدہ کی، وسط سال کی جانکاری کے مطابق، بھارتی شرح ترقی کی وجہ، گھروں میں مستحکم اخراجات، سرکار کی طرف سے ٹھوس سرمایہ کاری اور بیرونِ ملک خدمات فراہم کرنے کے شعبے میں ترقی ہے۔

اطلاع

نئی دلی سے براہ راست نشریے کی وجہ سے آکاشوانی نیوز سرینگر سے آج شام ساڑھے سات بجے نشر ہونے والا کشمیری خبروں کا بلیٹن اب شب ساڑھے آٹھ بجے نشر ہو گا ۔

IPL

IPL 2025 کے بقیہ میچ آج سے کھیلے جا رہے ہیں ۔ تقریباً ایک ہفتے کے التواءکے بعد ٹورنامنٹ کا آج کا میچ ایم چِنہ سوامی سٹیڈیم میں روئل چیلنجرس بنگلورو اور کولکتہ نائٹ رائڈرس کے مابین شام ساڑھے سات بجے کھیلا جائے گا ۔

IIMC

آنے والے تعلیمی سال سے ماس کمیونیشن اور IIMCانڈین انسٹی ٹیوٹ آف ماس کمیونیشن، جرنلزم میں اپنا ڈاکٹر آف فلاسفی، Ph.Dپروگرام شروع کرے گا۔ IIMC کی وائس چانسلر انوپما بھٹناگر نے کہا کہ انسٹی ٹیوٹ نے پروگرام کے لئے ضابطے نوٹیفائی کردئے ہیں اور داخلوں سے متعلق تفصیلات کا اعلان جلد ہی کیا جائے گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ